Noble Quran اَلْقُرآن الْحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) اردو ترجمہ بمعہ عربی (حضرت شاہ عبد القادر)

سورة العلق

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

ٱقۡرَأۡ بِٱسۡمِ رَبِّكَ ٱلَّذِى خَلَقَ پڑھ اپنے رب کے نام سے، جس نے بنایا۔	1.
خَلَقَ ٱلۡإِنسَـٰنَ مِنۡ عَلَقٍ بنایا آدمی لہو کی پھٹکی سے،	2.
ٱقۡرَأۡ وَرَبُّكَ ٱلۡأَكۡرَمُ پڑھ، اور تیرا رب بڑا کریم ہے۔	3.
ٱلَّذِى عَلَّمَ بِٱلۡقَلَمِ جس نے علم سکھایا قلم سے۔	4.
عَلَّمَ ٱلۡإِنسَـٰنَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡ سکھایا آدمی کو جو نہ جانتا تھا۔	5.

كَلَّآ إِنَّ ٱلْإِنسَٰنَ لَيَطْغَىٰٓ کوئی نہیں (خبردار)! آدمی سرچڑھتا (سرکش ہو جاتا) ہے،	.6
أَن رَّءَاهُ ٱسْتَغْنَىٰٓ اس سے کہ دیکھے آپ (خود) کو محفوظ۔	.7
إِنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ ٱلرُّجْعَىٰٓ بیشک تیرے رب کی طرف پھر (لوٹ کر) جانا ہے۔	.8
أَرَءَيْتَ ٱلَّذِى يَنْهَىٰ تونے دیکھا وہ جو منع کرتا ہے،	.9
عَبْدًا إِذَا صَلَّىٰٓ ایک بندے کو، جب نماز کرے (پڑھے)؟	.10
أَرَءَيْتَ إِن كَانَ عَلَى ٱلْهُدَىٰٓ بھلا دیکھ تو اگر ہوتا (وہ بندہ) نیک راہ پر،	.11
أَوْ أَمَرَ بِٱلتَّقْوَىٰٓ یا سکھاتا ڈر کے کام۔	.12
أَرَءَيْتَ إِن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰٓ بھلا دیکھ تو! اگر جھٹلایا اور منہ موڑا،	.13

أَلَمْ يَعْلَم بِأَنَّ ٱللَّهَ يَرَىٰ یہ نہ جانا کہ اللہ دیکھتا ہے؟	.14
كَلَّا لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعًۢا بِٱلنَّاصِيَةِ کوئی نہیں اگر باز نہ آئے گا۔ ہم گھسیٹیں گے چوٹی (پیشانی) پکڑ کر۔	.15
نَاصِيَةٍ كَٰذِبَةٍ خَاطِئَةٍ کیسی چوٹی (پیشانی) جھوٹی گنہگار۔	.16
فَلْيَدْعُ نَادِيَهُۥ اب بلائے اپنی مجلس (حامیوں کی) کو۔	.17
سَنَدْعُ ٱلزَّبَانِيَةَ ہم بلاتے ہیں پیادے (عذاب کے فرشتے) سیاست کرنے کو۔	.18
كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَٱسْجُدْ وَٱقْتَرِب کوئی نہیں (خبردار)! نہ مان اس کا کہا، اور سجدہ کر، اور نزدیک ہو۔ (سجدہ) **********	.19

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com
Email:
quran4u_com@yahoo.com